Sample Question Paper Term-I

Time - 3 Hours　　Class- +2　　M.M.50

Subject - Urdu

نوٹ۔ سب سوالات لازمی ہیں۔ ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

## حصہ "الف" (Section-A)

1. مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے لکھے سوالات کے جواب منتخب کریں۔

1×10= 10

شیر نے بھینس کا شکار کرنے کے لیے اپنی عادت کے مطابق اس کی گردن کو ہی نشانہ بنایا تھا لیکن یا تو وہ بھینس کچھ زیادہ جاندار نکلی یا پھر اتفاق سے وار ہی اوچھا پڑا۔ خیر وجہ جو بھی رہی ہو، بھینس گر نہیں بلکہ شیر کو لئے اُس طرف سرپٹ بھاگ پڑی جس طرف وہاں سے تھوڑے ہی فاصلے پر ایک کھلے میدان میں کچھ جھونپڑیاں پڑی ہو تھیں۔ شیر نے بھینس کو زمین پر گرانے کے لئے جتنے بھی داؤ اُسے آتے ہوں گے ضرور آزمائے ہوں گے لیکن جب دیکھا کہ وہ کسی صورت چت نہیں ہو رہی ہے تو اس نے بھینس کی گردن پر سے اپنے پنجوں اور دانتوں کی گرفت ڈھیلی کی اور جس تیزی سے اس نے حملہ کیا تھا اُسی تیزی اور پھرتی سے اُس نے بھاگتی ہوئی بھینس سے زمین کی طرف چھلانگ لگائی اور ایک جھاڑی کے

Downloaded from cclchapter.com

②

مجھے دیکھتے ہی دیکھتے نظروں سے اوجھل بھی ہو گیا۔ بھینس جھاڑیوں کے پاس آکر رک گئی۔ اتفاق کی بات ہے کہ ٹھیک اُسی وقت سیّد صاحب کی جیپ بھی جنگل کے ریسٹ ہاؤس پر پہنچنے کے لئے قریب سے گزر رہی تھی۔ اس لئے اُس بھیانک واردات کے کئی سین جیپ والوں کو بھی اپنی آنکھوں سے دیکھنے کو مل گئے۔ اور جو کچھ خود نہیں دیکھ سکے اُن کی کڑیاں تجربے اور معلومات کی بنیاد پر جوڑ کر یہ اندازہ لگا لیا کہ شیر نے کس طرح بلّی کی طرح دبے پاؤں آکر بھینس کی گردن دبوچنے کے لئے جست لگائی ہوگی اور کس طرح گردن میں موٹی گردن کو توڑ ڈالنے کی کوشش کی ہوگی۔

(I) سوالات کے جوابات منتخب کریں۔

(۱) جنگل کی ایک رات کتاب کے مصنف کا نام منتخب کرو۔

(i) حالی (ii) رحان احمد عبّاسی (iii) الطاف حسین (iv) میر

Downloaded from cclchapter.com

(2) شیر نے بھینس کا شکار بدن کے کس حصّے کو بنایا؟
(i) ٹانگ (ii) پیٹھ (iii) بونچھ (iv) گردن
(3) شیر کے وار کے ساتھ بھینس کے ساتھ کیا ہوا؟
(i) گر گئی (ii) مر گئی (iii) دوڑ گئی۔ (iv) شیر کو لئے لئے اس طرف سرپٹ بھاگ گئی۔
(4) شیر نے جب بھینس کا کو چھوڑ دیا تو وہ کہاں چلا گیا؟
(i) جنگل میں (ii) پہاڑ پر (iii) جھاڑی کے پیچھے (iv) میدان کی طرف
(5) بھینس کو زمین پر گرانے کے لئے شیر نے کتنے داؤ لگائے؟
(i) جتنے داؤ شیر کو آتے تھے (ii) پانچ (iii) دس (iv) سات
(6) سیّد صاحب کہاں جا رہے تھے؟
(i) دفتر (ii) ریسٹ ہاؤس (iii) بازار (iv) شادی میں
(7) سیّد صاحب کی سواری کیا تھی؟
(i) بس (ii) جیپ (iii) گھوڑا (iv) سکوٹر
(8) جیپ والوں نے کیسے سین دیکھے تھے؟
(i) بھیانک واردات (ii) خوبصورت (iii) ڈراؤنے (iv) ان میں سے کوئی نہیں

Downloaded from cclchapter.com

(۹) جب بھینس چت نہیں ہوئی تو شیر نے کیا کیا؟
(i) چھوڑ دیا (ii) پنجوں اور دانتوں کی گرفت ڈھیلی کر دی
(iii) دبا دیا (iv) کاٹ دیا

(۱۰) آخر میں بھینس کے ساتھ کیا ہوا؟
(i) مر گئی (ii) بھاگ گئی (iii) چھپ گئی (iv) اِن میں سے کوئی نہیں

2. مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک مضمون لکھو 5
(i) میرا دوست (ii) صبح کی سیر (iii) دیوالی
(iv) ہماچل پردیش

3. دوست کے امتحان میں اوّل آنے پر مبارکباد کا خط لکھو 4

یا (OR)

دوست کے والد کے اِنتقال پر افسوس کا خط لکھو

4. مندرجہ ذیل پیراگراف (Paragraph) کو پڑھ کر چھوٹا کر کے لکھو 4

ہندوستان میلوں اور تہواروں کا دیش ہے۔ یہاں بہت سے تہوار منائے جاتے ہیں جن میں دسہرا بھی ایک اہم تہوار ہے۔ دسہرا دیوالی سے بیس دن پہلے منایا جاتا ہے

Downloaded from cclchapter.com

دسہرے کے معنی دس سروں کو ہرانے کا نام ہیں۔
اِس دِن رام چندر جی نے دس سروں والے راون پر فتح حاصل کی تھی اسی لیے لوگ اسے وجے دشمی بھی کہتے ہیں۔ دسہرے سے کچھ دِن پہلے جگہ جگہ رام لیلا دکھائی جاتی ہے۔ لوگ بڑی عقیدت کے ساتھ رام لیلا دیکھنے جاتے ہیں۔ دسہرے کے دِن راون کمبھ کرن اور میگھ ناتھ کے پتلے بنا کر جلائے جاتے ہیں۔ اور پٹاخے چھوڑے جاتے ہیں۔ اِس موقع پر میلہ لگتا ہے۔ لوگ سج۔دھج (सज-धज) کر میلہ دیکھنے جاتے ہیں۔ بچے کھلونے مٹھائیاں اور غبارے وغیرہ خریدتے ہیں۔ سبھی لوگ اس تہوار برائی پر اچھائی کی فتح کے طور پر منایا جاتا ہے۔

5. مندرجہ ذیل محاورات کا استعمال جملوں میں کرو۔ 4
(i) آنکھ کا تارا (ii) دل باغ باغ ہونا (iii) کان لگانا
(iv) نو دو گیارہ ہونا

Downloaded from cclchapter.com

حصّہ "ب" (Section-B)

6. سوالات - جوابات 2×3=6

(i) "جنگل کی ایک رات" کتاب کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) جنگل کی ایک رات کتاب کے فلصفہ میں بھینس کہاں آکر رک گئی تھی؟

(iii) روانگی سے کتنے دن پہلے مسٹر صاحب سامان اکٹھا کر رہے تھے؟

7. ذیل میں درج سوالوں کے جوابات منتخب کریں۔ 1×10=10

① دہلی ایک خوبصورت شہر ہے۔ جملے میں "خوبصورت" لفظ کیا ہے؟

(i) متضاد (ii) صفت (iii) اِسم (iv) ضمیر

② طلوع کا غروب کیا ہے؟

(i) واحد-جمع (ii) متضاد (iii) مذکر-مونث (iv) اِسم

③ اِسم کے بدلے بولا جانے والا کلمہ ______ ہے؟

(i) صفت (ii) اِسم (iii) ضمیر (iv) فعل

④ ذیل میں درج مذکر-مونث کا انتخاب کرو۔

(i) کتاب-کتب (ii) آزاد-غلام (iii) بادشاہ-بیگم (iv) پانی-آب

Downloaded from cclchapter.com

⑤ ذیل میں درج درست جملہ بنائیں۔
(i) وہ دن بدن بیتل ہوتا جا رہا ہے۔
(ii) وہ روز بروز بیتل ہوتا جا رہا ہے۔
(iii) وہ دن بدن بیتل ہوتا جا رہا ہیں۔
(iv) وہ دن بدن میں بیتل ہوتا جا رہا ہے۔

⑥ لفظ رات کا مترادف بنائیں۔
(i) اندھیرا (ii) شب (iii) شام (iv) اِن میں سے کوئی نہیں

⑦ لفظ گوالا کا مونث کیا ہوگا؟
(i) گوالن (ii) گوالی (iii) گوالنی (iv) اِن میں سے کوئی نہیں

⑧ منتخب کریں کہ کسی شخص، چیز اور جگہ کے نام کو کہتے ہیں۔
(i) صفت (ii) اسم (iii) ضمیر (iv) فعل

⑨ وہ کلمہ جس سے کسی جگہ، چیز اور شخص کی اچھائی یا برائی معلوم ہو کیا کہلاتا ہے؟
(i) ضمیر (ii) صفت (iii) اسم (iv) علم ہجا

⑩ لفظ آبشار کا معنی کیا ہے؟
(i) جھرنا (ii) پہاڑ (iii) پانی (iv) دریا

8. جنگل کی ایک رات کتاب میں سے سیٹھ صاحب کے کردار کا ذکر تقریباً 70 الفاظ میں کرو۔

7

Downloaded from cclchapter.com